© rasailojaraid.com

# تعارف و تبصرہ

## مطبوعات مجلس معارف القرآن

دارالعلوم دیوبند کی مجلس معارف القرآن (جس کا تفصیلی تعارف کسی پچھلے شمارہ میں آچکا ہے) حضرت حکیم الاسلام مولانا قاری محمد طیب صاحب مدظلہ کی سرپرستی اور فاضل محترم مولانا محمد سالم قاسمی کی ادارت و نگرانی میں اپنے اشاعتی اور تصنیفی کام کا آغاز کر چکی ہے۔ ادارہ کا بنیادی مقصد عصر حاضر کے دینی تقاضوں کی روشنی میں قرآنی علوم و معارف کی ترویج و اشاعت ہے۔ اس کے ساتھ ہی اردو، عربی اور انگریزی زبانوں میں حقائق کتاب و سنت اور اسلاف و اکابر کے نقوش علم و حکمت کو بنیاد قرار دے کر عصر حاضر کے نو پید لسانی تقاضوں اور فکری مسائل پر ملت اسلامیہ کے لئے تصنیفی رہنمائی مہیا کرنا بھی اس کے عزائم میں شامل ہے۔ ان مقاصد کے حصول کے لئے ادارہ کے سامنے ایک وسیع پروگرام ہے۔ ان منصوبوں کی تکمیل تو کارکنان کے عزم صمیم، جوشِ عمل اور اخلاص محکم اور قوم و ملت کے دست تعاون بڑھانے پر منحصر ہے۔ مگر اب تک ادارہ کی طرف سے جو مطبوعات ظاہری و معنوی رعنائیوں سے کر ہمارے سامنے آچکی ہیں، اسے "شاندار آغاز" اور روشن مستقبل کا آغاز سمجھنا چاہئے۔ دارالعلوم دیوبند عالم اسلام کا دل ہے۔ اور ملت اسلامیہ کی شریانوں کی تازگی، حرارت اور حرکت اس کی صحتمندی، سرگرمی اور فعالیت پر موقوف ہے۔ اس وقت ہمارے سامنے ادارہ کی حسب ذیل مطبوعات آچکی ہیں:۔

### حجۃ الاسلام مکمل
مع تشریح و تسہیل

از افادات حجۃ الاسلام مولانا محمد قاسم نانوتویؒ ۔ صفحات ۱۹۶۔ مجلد مع گرد پوش۔ بہترین کاغذ و طباعت ۔ قیمت ۔/۵ روپے

مؤلف جلیل مولانا محمد قاسم نانوتویؒ حکمت ربانی اور اسلامی علم کلام کے امام سمجھے جاتے ہیں۔ اور لاریب کہ "عقلیت پسند دنیا کے لئے ان کے علوم و معارف میں اسلام کا معقول ترین تعارف موجود ہے۔" ان کے الہامی طرز تحقیق نے وقت کے تقاضوں کو ملحوظ رکھ کر ایک نئے علم کلام کی طرح ڈالی۔ حضرت نانوتویؒ کے زمانہ سے کر اب تک اس عظیم ورثہ کا شدت سے

© rasailojaraid.com